# ترجمان اسلام آباد کیپیٹل پولیس

پبلک ریلیشن برانچ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی خصوصی اشاعت

Islamabadpolice.gov.pk — پیر 06 مئی 2024 — Islamabad Police

## ٹیکنالوجی

| | |
|---|---|
| کرایہ دار کا اندراج | 56866 |
| ملازمین کا اندراج | 55284 |
| گاڑیوں کی تصدیق | 21191 |
| گمشدگی / برآمدہ | 12 |
| جنرل ویریفکیشن | 96974 |

## کرائم

| | |
|---|---|
| کل مقدمات | 93 |
| گرفتار ملزمان | 23 |
| یکسو چالان | 53 |
| سٹاپ اینڈ سرچ | 5675 |
| اشتہاری مجرمان وعدالتی مفروران | 06 |

## ٹریفک

| | |
|---|---|
| جرمانے کے چالان | 3045 |
| سنگین خلاف ورزی | 1801 |
| مہلک حادثات | ---- |
| ڈرائیونگ لائسنس | 222 |
| لرننگ پرمٹ | 418 |

## پکار-15



| | |
|---|---|
| ایمرجنسی کال | 3635 |
| بوگس کال | 2927 |
| ایمرجنسی رسپانس | 314 |
| کم سے کم رسپانس ٹائم | ---- منٹ |
| زیادہ سے زیادہ رسپانس ٹائم | ---- منٹ |

## پولیس خدمت مراکز شہریوں کو سہولیات فراہم کرنے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے

**رواں سال پولیس خدمت مراکز نے 96 ہزار 846 شہریوں کو جنرل پولیس ویریفکیشن سرٹیفکیٹ کے اجراء کو یقینی بنایا، شہری گاڑیوں کی ویریفکیشن، کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کی رجسٹریشن اور دیگر سہولیات استفادہ حاصل کرنے کیلئے خدمت مراکز تشریف لا سکتے ہیں**




انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس شہریوں کی سہولیات کیلئے جدید ٹیکنالوجی اور تمام تر وسائل بروئے کار لاتے ہوئے بھر پور اقدامات اٹھا رہی ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد پولیس کے خدمت مراکز نے رواں سال 96 ہزار 846 سے زائد جنرل پولیس ویریفکیشن سرٹیفکیٹ کے اجراء کو یقینی بنایا، شہری پولیس خدمت مراکز سے گاڑیوں کی ویریفکیشن، کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کی رجسٹریشن ، سامان گمشدگی کی رپورٹ، جنرل پولیس ویریفکیشن اور دیگر سہولیات سے استفادہ حاصل کرنے کیلئے پولیس خدمت مراکز تشریف لاسکتے ہیں، شہری جنرل پولیس ویریفکیشن کے حصول کیلئے اپنا اصلی شناختی کارڈ کے ہمراہ آئیں، شناختی کارڈ پر اسلام آباد کا پتہ نہ ہونے کی صورت میں کرایہ داری معاہدہ یا اشٹام پیپر ساتھ لائیں، آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے اور سہولیات فراہم کرنے کیلئے پولیس خدمت مراکز میں تربیت یافتہ عملہ تعینات کیا گیا ہے، جو پاکستانی شہریوں اور غیر ملکیوں کو بہترین خدمات فراہم کرنے میں ہمہ وقت مصروف عمل ہے، انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے اور انکے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

## اسلام آباد پولیس انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ کا تھانہ سیکرٹریٹ اور گولڑہ کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشن

**سرچ آپریشن کے دوران 104 گھروں، 29 گاڑیوں، 48 موٹر سائیکلوں اور 173 مشکوک افراد کو چیک کیا گیا، سرچ آپریشن کا مقصد وفاقی دارالحکومت کی سیکیورٹی کو مزید موثر بنانا اور شہریوں کی جان و مال کا تحفظ کرنا ہے**



انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد پولیس انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ نے تھانہ سیکرٹریٹ اور گولڑہ کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشن کیا، سرچ آپریشن میں سی ٹی ڈی اور مقامی پولیس ٹیموں نے حصہ لیا، سرچ آپریشن کے دوران 104 گھروں، 29 گاڑیوں، 48 موٹر سائیکلوں اور 173 مشکوک افراد کو چیک کیا گیا، جبکہ ایک 9MM پسٹل، ایک پسٹل 30 بور، 210 گرام آئس، 545 گرام ہیروئن ، 530 گرام چرس اور بغیر کاغذات 03 موٹر سائیکل، ایک گاڑی کو جانچ پڑتال کے لئے تھانہ جات منتقل کیا گیا، ایس ایس پی سی ٹی ڈی نے کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سیکیورٹی کو موثر بنانا ہے، سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کیے جا رہے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کیخلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ، "پکار-15" یا" آئی سی ٹی 15" ایپ پر اطلاع دیں، تا کہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک کیا جا سکے، کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

## آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کی "نشہ اب نہیں" تحریک جاری،

## نشہ! اب نہیں

**گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 10 منشیات فروشوں کو گرفتار کرلیا گیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے منشیات اور شراب برآمد، ملزمان کیخلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے۔**

انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت کو منشیات سے پاک کرنے اور نوجوان نسل کو منشیات کی لعنت سے محفوظ رکھنے کے لئے خصوصی "نشہ اب نہیں " تحریک جاری ہے، ان احکامات کی روشنی میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پولیس ٹیموں نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران 10 منشیات فروشوں کی گرفتاری عمل لائی، تھانہ مارگلہ پولیس ٹیم نے 08 ملزمان صہیم خان، شایان شاہد، عبدالباسط، بلال صادق، حماد عزانی، حیدر زمان، عمر مختار اور احمد گل کو گرفتار کر کے چار بوتلیں شراب برآمد کرلیں، تھانہ شمس کالونی پولیس نے دو ملزمان محمد عمران اور جابر حسین کو گرفتار کر کے 44 گرام آئس برآمد کرلی، گرفتار ملزمان کے خلاف مختلف تھانہ جات مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی، ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے کہا کہ اسلام آباد پولیس منشیات و شراب فروشی جیسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لائے گی، شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار 15 " یا" آئی سی ٹی 15" ایپ پر فوری اطلاع دیں۔

# تھانہ نون اور ایس ایس او آئی یونٹ پولیس ٹیموں نے جدید سائنسی اور تکنیکی ذرائع کو بروئے کار لاتے ہوئے موثر کارروائی کے دوران خاتون کے ساتھ زیادتی کے مقدمہ میں ملوث اشتہاری مجرم کو گرفتار کرلیا

مورخہ 30 اپریل 2024 کو مدعیہ مقدمہ نے تھانہ نون میں تحریری درخواست دی کہ ملزم محمد ذوالفقار نے زنا بالجبر کر کے سخت زیادتی کی ہے، جس کیخلاف قانونی کارروائی عمل میں لا کر سخت سے سخت سزا دلوائی جائے، تھانہ نون پولیس نے متاثرہ خاتون کی درخواست پر فوری مقدمہ نمبر 309 مورخہ 30 اپریل 2024 بجرم 376 ت پ درج رجسٹر کرلیا، ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے وقوعہ کا نوٹس لیتے ہوئے اس سنگین نوعیت کے وقوعہ میں ملوث ملزم کی گرفتاری کے لیے خصوصی احکامات جاری کئے اور ایس ایس پی انوسٹی گیشن کی سربراہی میں خصوصی پولیس ٹیمیں تشکیل دیں، ایس ایس او آئی یونٹ اور تھانہ نون پولیس ٹیموں نے جدید تکنیکی اور سائنسی وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے اس سنگین نوعیت کے وقوعہ میں ملوث اشتہاری مجرم محمد ذوالفقار کو گرفتار کرلیا، گرفتار مجرم خاتون سے زیادتی کرنے کے بعد موقع سے فرار ہو گیا تھا، مجرم کو مجاز عدالت میں پیش کر کے مزید تفتیش کے لیے ریمانڈ جسمانی حاصل کرلیا گیا، مزید تفتیش جاری ہے، ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم نے اس سنگین نوعیت کے مقدمہ میں ملوث اشتہاری مجرم کی گرفتاری پر پولیس ٹیم کی کارکردگی کو سراہا، انہوں نے کہا کہ خواتین اور بچوں سے زیادتی ناقابل برداشت ہے، اس وقوعہ میں ملوث گرفتار ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے۔




# اسلام آباد پولیس تھانہ سیکرٹریٹ پولیس نے اپنے آپ کو حساس ادارے کا ملازم ظاہر کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا

**گرفتار ملزم کے قبضہ سے وائرلیس سیٹ، حساس ادارے کی یونیفارم اور ایم پی فائیو رائفل کی میگزین برآمد کرلی گئی، ملزم کیخلاف مقدمہ درج، مزید تفتیش جاری ہے**

انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس وفاقی دارلحکومت میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیاں عمل میں لا رہی ہے، اس سلسلے میں تھانہ سیکرٹریٹ پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے اپنے آپ کو حساس ادارے کا ملازم ظاہر کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزم کی شناخت یاسر نذیر کے نام سے ہوئی ہے، گرفتار ملزم کے قبضہ سے وائرلیس سیٹ، حساس ادارے کی یونیفارم اور ایک عدد ایم پی فائیو رائفل کی میگزین برآمد کرلی گئی، ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے، ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ذمہ داری ہے اس میں کسی قسم کی غفلت و لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی، اسلام آباد پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، "پکار 15" یا آئی سی ٹی "15" ایپ پر فوراً اطلاع دیں۔




# ایس ایس پی ٹریفک محمد سرفراز ورک کی زیر صدارت ٹریفک ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں اجلاس

**وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک کی روانی کے مربوط نظام کی بحالی کو یقینی بنانے اور شہریوں کو حادثات سے محفوظ رکھنے کیلئے خصوصی اقدامات کا جائزہ لیا، ٹریفک پولیس کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے اور عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت**





انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس وفاقی دارلحکومت میں ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے اور شہریوں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات مہیا کرنے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے، اس سلسلے میں ایس ایس پی ٹریفک محمد سرفراز ورک کی زیر صدارت ٹریفک پولیس ہیڈ کوارٹرز میں اجلاس کا انعقاد کیا گیا، اجلاس میں تمام برانچز کے انچارج صاحبان نے شرکت کی، ایس ایس پی ٹریفک نے اجلاس میں وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک کی روانی کے مربوط نظام کی بحالی کو یقینی بنانے اور شہریوں کو حادثات سے محفوظ رکھنے کیلئے خصوصی اقدامات کا جائزہ لیا، انہوں نے اسلام آباد میں شہریوں کو حادثات سے محفوظ رکھنے، روڈ ڈسپلن کو قائم رکھنے، ٹریفک قوانین پر پابندی کو یقینی بنانے اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنیوالوں کے خلاف قانونی کاروائیوں کو مزید سخت اور مؤثر بنانے کیلئے خصوصی ہدایات جاری کیں، ٹریفک پولیس کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے اور عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی، انہوں نے مزید کہا کہ ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے، اپنی ڈیوٹی پوری ایمانداری اور مستعدی سے سر انجام دیں، ڈیوٹی میں کوتاہی اور لاپرواہی کرنیوالوں کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی، انہوں نے مزید کہا کہ ٹریفک پولیس ایجوکیشن ونگ مختلف شاہراہوں پر شہریوں کو روڈ سیفٹی اور ٹریفک قوانین کے متعلق آگاہی فراہم کرے گی۔

## ہائی سیکورٹی زون میں رات کے اوقات میں سکیورٹی کے فرائض پر مامور افسران کو بریفنگ



**بریفنگ میں افسران و جوانوں کو کسی بھی ناخوشگوار واقع سے نمٹنے، گاڑیوں کی چیکنگ، بلٹ پروف جیکٹ و ہیلمٹ اور سیکورٹی انتظامات کو یقینی بنانے کے لیے خصوصی ہدایات دی گئیں۔**

انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ہائی سیکورٹی زون میں رات کے اوقات میں سیکورٹی کے فرائض پر مامور افسران کو بریفنگ دی گئی، سینئر پولیس افسران نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ پڑتال کے عمل کو سخت کریں ہر گاڑی کو مکمل چیک کر کے جانے دیں، بلٹ پروف جیکٹ و ہیلمٹ کے استعمال کو یقینی بنائیں، ہائی سیکورٹی زون میں واقع تمام اہم عمارات کا تحفظ ہماری ترجیحات ہیں، مشکوک نقل و حرکت پر کڑی نظر رکھیں، ملکی حالات کے پیش نظر کسی بھی ناخوشگوار واقع سے نمٹنے اور سیکورٹی انتظامات کو یقینی بناتے ہوئے لاء اینڈ آرڈر صورتحال سے قانون کے مطابق نمٹنے کے لئے ہمہ وقت تیار رہیں، اسلام آباد پولیس کسی بھی عناصر کو وفاقی دارلحکومت میں امن و امان میں خلل ڈالنے کی ہرگز اجازت نہیں دے گی اور شہریوں کی جان و مال اور نجی و سرکاری املاک کے تحفظ کیلئے ضروری اقدامات اٹھاتے ہوئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں، تا کہ کوئی شر پسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہ ہو سکے، ایس ایس پی سیکورٹی ڈویژن نے تمام افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ سیکورٹی کے سخت اقدامات کرتے ہوئے ہائی سیکورٹی زون میں گشت کرنے والے افسران پٹرولنگ کو مزید سخت کریں اور چیکنگ کو موثر بنائیں، کسی بھی لاء اینڈ آرڈر صورتحال سے نمٹنے کے لئے نفری کو بریف کریں اور تمام ڈیوٹی کو خود چیک کریں، ڈیوٹی پر تعینات تمام افسران صاف وردی اور مکمل ساز و سامان کے استعمال کو یقینی بنائیں۔





# گزشتہ ہفتے کی سرگرمیوں کی تصویری جھلکیاں




آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی سی آئی اے کے سینئر افسران سے خصوصی میٹنگ




وفاقی وزیر داخلہ سید محسن نقوی نے اسلام آباد ٹریفک پولیس سہولت وین اور ایجوکیشن وین کا افتتاح کر دیا



اسلام آباد پولیس کے شہداء کے اہلخانہ کے اعزاز میں پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا



آئی جی اسلام آباد کا پولیس کے افسران کو درپیش محکمانہ اور ذاتی نوعیت کے مسائل کے حل کیلئے سی پی او میں اردل روم کا انعقاد



انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد کے شعبہ پولیٹیکل سائنس کے طلباء کا سنٹرل پولیس آفس کا دورہ




آئی جی اسلام آباد نے اچھی ڈیوٹی سر انجام دینے پر پولیس افسران کو شاباش دی اور تعریفی اسناد سے نوازا



ڈی آئی جی سکیورٹی ڈویژن اویس احمد کے اعزاز میں سنٹرل پولیس آفس میں الوداعی تقریب کا انعقاد

Tarjuman
# The Capital Police Islamabad
A publication of Public Relations Branch Islamabad Capital Police

Islamabad Police | MONDAY MAY 06, 2024 | Islamabadpolice.gov.pk

| PUCAR -15 | |
|---|---|
| Emergency Call | 3635 |
| Hoax Call | 2927 |
| Emergency Response | 314 |
| Minimum Response Time | ---- Min |
| Maximum Response Time | ---- Min |

| TRAFFIC | |
|---|---|
| Traffic Fine Ticket | 3045 |
| Major Violation | 1801 |
| Fatal Accident | ---- |
| Driving License | 222 |
| Learner Permit | 418 |

| CRIME | |
|---|---|
| Total Crime Registered | 93 |
| Accused Arrested | 23 |
| Challan Submitted in Court | 53 |
| Stop & Search | 5675 |
| P.O / C.O Arrested | 06 |

| TECHNOLOGY | |
|---|---|
| Tenant Registration | 56866 |
| Employee Registration | 55284 |
| Vehicle Verification | 21191 |
| Lost & Found | 12 |
| General Verification | 96974 |

# Police Khidmat Markaz issued 96,846 General Police verification certificates

Police Khidmat Markaz of Islamabad Police have facilitated citizens with different services like issuance of character certificate, foreigners' registration, registration of tenants and domestic servants, a public relations officer said. He said that, following the special directions of Inspector General of Police (IGP) Syed Ali Nasir Rizvi, the Islamabad Police is taking all possible steps to provide maximum facilities to the citizens of Islamabad adding that several steps have been taken by the police in this regard. He further said that, the Police Khidmat Markaz has received 96,974 applications for a general police verification certificate during the ongoing year. On which 96,846 general police verification certificates were issued to the citizens after complete verification by concerned police stations while the work on remaining applications were under process. For general police verification certificates, applicants must bring his/her original CNIC. In case, the Islamabad address is not mentioned on applicant's CNIC, he must bring residential proof or rental agreement. For citizen's facility, police mobile facilitation van service has also been working, while Khidmat Markaz in various areas including sectors F-6, G-10/4, H-11, Bani Gala, Swan Garden, Khanna and at different police stations were also facilitating the citizens. IGP Islamabad said that, well trained staff has been appointed there who are providing best services to Pakistani nationals and foreigners. Such steps would improve the trust of people in the police.




# Search and combing operation conducted at Secretariat and Golra Police Station jurisdiction

Islamabad Police Counter Terrorism Department (CTD) conducted a search and combing operation at the Secretariat and Golra police station jurisdiction, a public relations officer said. He said that, following the special directives of the Inspector General of Police (IGP) Islamabad Syed Ali Nasir Rizvi, the search and combing operations are being conducted in different areas of the city, to ensure the safety and security of the Islamabad citizens. Following these orders, a search and combing operation was conducted in different areas of Secretariat and Golra police station jurisdiction by CTD and local police teams. During the search and combing operation 173 suspicious person, 104 houses, 48 motorcycles and 29 vehicles were thoroughly checked while police team also shifted one pistol 9mm, one pistol 30 bore, 210 gram ice, 545 gram heroin, 530 gram hashish and three bikes without documents and one vehicle to the police station for further verification purposes. SSP CTD said that, the purpose of the search and combing operations was to heighten security in the federal capital. All zonal officers were directed to continue these operations in their respective areas. Citizens are also requested to cooperate with the police during the checking.



# 10 drug peddlers arrested; huge cache of drugs recovered




According to details, following the special directives of the Inspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, the Islamabad Police has launched a special "Nashaa Ab Nahi" tehreek to eradicate narcotics and keep the youngsters safe from the curse of drugs, public relations officers said. He said that, during the last 24 hours, the Islamabad Police apprehended 10 drug peddlers from different areas of the city and recovered a huge cache of drugs from their possession. Following these directions, the Margalla Police team arrested eight accused namely Sayeem Khan, Shayan Shahid, Abdul Basit, Bilal Sadiq, Hamad Imrani, Haider Zamant, Umer Mukhtar and Ahmed Gul and recovered four bottles of liquor from their possession. Similarly, the Shams Colony police team arrested two accused namely Muhammad Imran and Jabir Hussain and recovered 44 gram Ice from their possession. Cases have been registered against the nabbed accused and further investigation is underway. DIG Operations Islamabad Syed Shahzad Nadeem Bukhari, directed the police officials to further intensify the crackdown against the criminal elements. "Safety and security of the citizens is our foremost priority and no laxity will be tolerated in this regard", he maintained.

# Absconder wanted in rape case arrested

According to the details, the Islamabad Police Special Sexual Offence Investigation Unit (SSOIU) and Noon Police Station teams have apprehended an absconder wanted in a rape case, a police public relations officer said. He said that, a citizen submitted an application at Noon police station stating that the accused, namely Muhammad Zulifqar, sexually assaulted her. Upon receiving the application the police team immediately registered the fir no. 309/24 under section 376 PPC. The DIG (Operations) Syed Shahzad Nadeem Bukhari took notice of the incident and directed the concerned officials to bring the perpetrator to justice. Following these directions, under the supervision of SSP Investigation, police teams were formed to arrest the accused involved in it. The SSOIU and Noon police team utilized all scientific and human resources that succeeded in apprehending a wanted absconder namely Muhammad Zulifqar. DIG Operations appreciated the efforts of the police team and further directed the police team to submit a challan with the solid evidence in the court to ensure the conviction of the culprit. Citizens were also urged to remain vigilant and promptly report any suspicious individual or activity at the emergency helpline "Pucar-15" or via the "ICT-15" app.




# Impersonator arrested; wireless set and uniform recovered

Islamabad Police Secretariat police team arrested an impersonator and recovered a wireless set, uniform and MP5 rifle magazine from his possession, a public relations officer said. He said that, following the special directions of Inspector General of Police (IGP) Islamabad Syed Ali Nasir Rizvi, the Islamabad Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. Following these directions, the Secretariat police team arrested an impersonator. Police team also recovered wireless sets, uniform and one MP5 rifle magazine from his possession. The accused was identified as Yasir Nazir. Case has been registered against the nabbed accused and further investigation is underway. Police officials were further directed to intensify the crackdown against the criminal elements. Safety and security of the citizens is the foremost priority of Islamabad Police and no laxity will be tolerated in this regard.




# Security officials briefed for effective duty

According to details, following the special directives of the Inspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, a special briefing was held for the officers deployed on night duty at High Security Zone regarding the better performance of their duties, a public relations officer said. He said that, senior officers briefed the security officials to maintain the law and order and prevent any untoward incident. Moreover, officers were briefed regarding duty in view of the current situation. The SSP Security Division directed the officers on patrolling duty about being alert during patrolling and keeping a watchful eye on suspicious persons, strict orders were issued regarding proper uniforms and discipline. He further directed the officers to be ready all the time and perform their duties in an effective manner.



Islamabad Police is utilizing all available resources in order to maintain the law and order situation in the federal capital and the protection of life and property of citizens is among the top priorities.



# Over 2,66,001 e-challan tickets issued through safe city cameras



Islamabad Police safe city e-challan system has issued over 2,66,001 fine tickets to motorists over various traffic rules violations in federal capital Islamabad through safe city cameras so far, a public relations officer said. He said that, following the special directions of Inspector General of Police (IGP) Syed Ali Nasir Rizvi, the Islamabad Police is utilizing all available resources and taking strict measures against the traffic rules violators according to law. According to the details, the Islamabad Police have issued 89 e-challan tickets during the last 24 hours and a total of 2,66,001 e-challan tickets to motorists have been issued over various traffic rules violations so far. E-challan tickets were delivered to the violators at their home address. A copy of challan was attached with the master file of the vehicles at the excise office over non-payment of penalty amount within the given time, he added. The car owners who were subjected to a fine could not sell or transfer their vehicle until the clearance of dues. The fine amount could be paid through different banks, mobile accounts and other digital means. There was a significant decline observed in the number of road mishaps and traffic violations in the federal capital after introducing this new challan system. The move was aimed at getting residents of the capital to abide by traffic laws even in the absence of traffic officers with the use of modern technology.

# SSP Traffic orders officials to maintain smooth flow of traffic on roads

According to details, following the special directives of Inspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, the SSP Traffic Muhammad Sarfraz Virk orders officials to maintain smooth flow of traffic on roads, a public relations officer said. He said that, SSP Traffic conducted a meeting at Traffic Police Headquarters, which was attended by all branches incharge and other senior officers. SSP Traffic discussed measures to improve the traffic system in the federal capital and take special initiatives to keep citizens safe from accidents. He reviewed steps to ensure road discipline, enforce traffic laws, and strengthen legal actions against violators. Moreover, he directed the officials to further enhance the capability of Islamabad Traffic Police and provide maximum facilities to the citizens. He emphasized the need to enforce traffic laws with diligence and sincerity and take strict action against negligence and misconduct. The Traffic Police Education Wing will educate citizens on road safety and traffic laws on various highways, he added.





# Pucar-15 helpline received 2,927 irrelevant calls during the last 24 hours

Islamabad Police emergency helpline "Pucar-15" received 3,635 phone calls during the last 24 hours and provided immediate assistance on various help seeking calls including police, fire brigade, ambulance and other services, a public relations officer said. He said that, 3,635 calls were received at emergency helpline "Pucar-15" out of which 2,927 calls were hoax and irrelevant to police which make 80% of all calls. The Inspector General of Police Islamabad (IGP) Syed Ali Nasir Rizvi took notice of hoax calls on the police emergency helpline and directed the CPO Safe City to take stern legal actions against those involved in such activities. “If anyone tries to waste the time of the police by making fake calls or passing derogatory remarks to the personnel will be dealt with iron hands,” he maintained. CPO Safe City urged the masses to approach police only in emergency situations as some genuine cases needing police attention may be neglected because of the time consumed by hoax calls.



# Social Media Corner Islamabad Police

**Islamabad Police**
6 h ·

نشے کا عادی انسان دیگر جرائم کی طرف بڑھتا ہے۔ نشہ کو جڑ سے اکھاڑنے کے لئے اسلام پولیس کی "نشہ اب نہیں تحریک" میں سب اپنا کردار ادا کریں۔

#ICTP #Nasha_ab_nahen

#نشہ_اب_نہیں




70
13 comments • 6 shares

**Islamabad Police**
1 h ·

اسلام آباد پولیس کی تحریک "نشہ!اب نہیں" میں اپنا آگاہی ویڈیو پیغام ریکارڈ کرکے ہمیں بھیجیں اور منشیات کے خاتمے میں اپنا کردار ادا کریں۔
واٹس ایپ نمبر

03080888072
#ICTP #IslamabadPolice
#Nasha_Ab_Nahi
#نشہ_اب_نہیں




**Islamabad Police**
3 h ·

ایس پی رورل زون فاروق امجد بٹر نے رورل زون کے نائٹ پٹرولنگ پر تعینات افسران کو بریفنگ دی۔

ڈیوٹی پر تعینات پولیس افسران و جوانوں کو الرٹ ہوکر فرائض سرانجام دینے کی ہدایات دیں۔ آپ کی سڑکوں پر موجودگی سے شہریوں کو تحفظ کا احساس ہونا چاہئے۔ جرائم پیشہ عناصر پر کڑی نظر رکھیں۔ دوران چیکنگ شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں۔

#ICTP #IslamabadPolice #OPS



# Pictures album of last week activities



Federal Interior Minister inaugurated mobile facilitation and education service



IGP Islamabad holds meeting with CIA senior officers


A dignified ceremony was held at the Police Lines Headquarters Islamabad in honor of the families of Islamabad Police martyrs


IIUI students delegation visited the Central Police Office & met IGP


IG Islamabad holds orderly room; to address the concerns of officials


Farewell ceremony held in honour of outgoing DIG Security Division



IGP awards commendation certificates, cash prizes to officers for outstanding performance